لاہور، اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان، کراچی، راولپنڈی، مظفرآباد، پڑھا جانے والا قومی اخبار

Daily AWAMI REPORT

MEMBER

Member JPNS

روزنامہ

عوامی رپورٹ

ملتان
لاہور

چیف ایڈیٹر
محبوب حسین چغتائی

ایڈیٹر: محمد انور مغل

جلد 31 | منگل 17 شوال 1447ھ 07 اپریل 2026ء (صفحات 4 قیمت 20 روپے) | شمارہ 136

بہاولپور: ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان وفاقی محتسب بہاولپور متعدد کیسز کی سماعت کر رہے ہیں۔

وفاقی محتسب بہاولپور میں سماعت، 50 سے زائد کیسز نمٹا دیے گئے

میپکو صارفین کو 15 لاکھ روپے کا ریلیف، محتسب آفس میں فوری انصاف

بہاولپور (لالہ اکبر بھٹی) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور میں ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان کی زیرنگرانی ایک اہم سماعت کا انعقاد کیا گیا، جس میں میپکو کے ڈویژنز بہاولنگر، چشتیاں اور ہارون آباد سے متعلق متعدد کیسز کی سماعت کی گئی۔ سماعت کے دوران سائلین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل پیش کیے، جنہیں ترجیحی بنیادوں پر سنا گیا۔ ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان کی مؤثر قیادت اور فوری احکامات کے باعث 50 سے زائد کیسز کو نہ صرف سنا گیا بلکہ بڑی تعداد میں کیسز کو موقع پر ہی نمٹا دیا گیا۔ اس کارروائی کے نتیجے میں سائلین کو مجموعی طور پر 15 لاکھ روپے کا ریلیف فراہم کیا گیا، جو کہ متاثرہ صارفین کے لیے ایک بڑی سہولت ثابت ہوا۔ مزید برآں عوامی مسائل کے مستقل اور دیرپا حل کے لیے متعلقہ حکام کو 3 خراب میٹرز کی فوری تبدیلی اور 2 بجلی کے کھمبوں (پولز) کی تنصیب/ تبدیلی کے احکامات بھی جاری کیے گئے، تاکہ صارفین کو درپیش مشکلات کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ سماعت کے دوران متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ وہ صارفین کی شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہ کریں اور فوری عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ اس موقع پر سائلین نے اپنے مسائل کے فوری حل پر اطمینان کا اظہار کیا اور وفاقی محتسب کے ادارے پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ آخر میں سائلین نے ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان اور وفاقی محتسب پاکستان نوید کامران بلوچ کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کی کاوشوں اور عوام دوست اقدامات کی بدولت انہیں بروقت انصاف اور ریلیف فراہم کیا گیا۔